آنیہ فاطمہ نام رکھنا کیسا؟

مجیب: ابوالفیضان مولانا عرفان احمد عطاری

فتوی نمبر:WAT-2132

تاریخ اجراء: 14ربیع الثانی1445ھ /30اکتوبر2023ء

دارالافتاء اہلسنت

(دعوت اسلامی)

سوال

آنیہ فاطمہ نام رکھنا کیسا ہے؟مطلب بھی ارشاد فرمادیں۔

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

اَلْجَوَابُ بِعَوْنِ الْمَلِكِ الْوَهَّابِ اَللّٰهُمَّ هِدَايَةَ الْحَقِّ وَالصَّوَابِ

"آنیۃ" جمع کا لفظ ہے اور اس کی واحد ہے، "اناء" ہے جس کا معنی ہے:"برتن۔"(المنجد عربی اردو، صفحہ39، خزینہ علم وادب، لاھور)(القاموس الوحید، صفحہ140، مطبوعہ ادارہ اسلامیات، کراچی)

اور لفظِ "فاطمہ "فطم سے بنا ہے، جس کا معنی ہے دور ہونا، خاتونِ جنت سیدہ فاطمہ رضی اللہ تعالی عنہا کا نام فاطمہ اس لیے ہوا کہ اللہ کریم نے آپ کو اور آپ کی آل اور آپ سے محبت کرنے والوں کو جہنم کی آگ سے دور فرمادیا ہے، جیسا کہ حکیم الامت مفتی احمد یار خان نعیمی رحمۃ اللہ علیہ مرآۃ المناجیح میں لکھتے ہیں:"فاطمہ بنا ہے فطم سے بمعنی دور ہونا اس لیے جس بچہ کا دودھ چھڑادیا جاوے اسے فطیم کہتے ہیں۔چونکہ اللہ تعالٰی نے جناب فاطمہ ان کی اولاد ان کے محبین کو دوزخ کی آگ سے دور کیا ہے اس لیے آپ کا نام فاطمہ ہوا۔"(مرآۃ المناجیح، جلد8، صفحہ413، نعیمی کتب خانہ، گجرات)

ان الفاظ کے معانی جاننے کے بعد ان کو بطور نام رکھنے کے متعلق حکم شرعی یہ ہے کہ "آنیۃ" نام نہ رکھا جائے اس لیے کہ اس کا کوئی اچھا اور بامقصد معنی نہیں ہے، البتہ اکیلا فاطمہ نام رکھ لینا بہتر ہے کہ خاتونِ جنت حضرت سیدہ فاطمہ رضی اللہ عنھا کا نامِ مبارک ہے۔

اور بہتر بھی یہی ہے کہ بچی کا نام نیک خواتین، مثلاً اُمّہات المؤمنین، صحابیات وغیرہا اللہ پاک کی نیک بندیوں کے ناموں پر رکھا جائے، کیونکہ حدیث پاک میں اچھے نام رکھنے کی ترغیب ارشاد فرمائی گئی ہے، چنانچہ حضرت سیِّدُنا ابودَرداء رضی اللہ تعالٰی عنہ سے مَروی ہے کہ نبی پاک صلَّی اللہ تعالٰی علیہ واٰلہٖ وسلَّم نے فرمایا:انکم تدعون یوم القیامۃ باسماء کم واسماء اباء کم فاحسنوا اسماء کم یعنی قیامت کے دن تم اپنے اور اپنے آباء کے

ناموں سے پکارے جاؤ گے، لہٰذا اپنے اچھے نام رکھا کرو۔(سنن ابوداؤد، کتاب الادب، باب في تغییر الاسماء، ج4، ص374، الحدیث:4948، داراحیاء التراث، بیروت)

نوٹ: ناموں کے بارے میں تفصیلی معلومات اور بچوں اور بچیوں کے اسلامی نام حاصل کرنے کے لیے مکتبۃ المدینہ کی جاری کردہ کتاب "**نام رکھنے کے احکام**"کا مطالعہ کرلیجیے۔نیچے دیئے گئے لنک سے آپ اس کتاب کو ڈاؤن لوڈ کرسکتے ہیں۔

https://www.dawateislami.net/bookslibrary/ur/naam-rakhnay-kay-ahkam

وَاللہُ اَعْلَمُ عَزَّوَجَلَّ وَرَسُوْلُہ اَعْلَم صَلَّی اللہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم

Dar-ul-IftaAhlesunnat (Dawat-e-Islami)

www.daruliftaahlesunnat.net daruliftaahlesunnat DaruliftaAhlesunnat

Dar-ul-ifta AhleSunnat feedback@daruliftaahlesunnat.net